نفرت اور امتیازی سلوک کی ترغیب کے خلاف تجاویز: تلخیصی دستاویز

MINISTRY OF JUSTICE
Tāhū o te Ture

New Zealand Government

مشمولات

چھ تجاویز 3
ترغیب آمیز تقریر کیا ہے؟..... 4
ترغیب آمیز تقریر ضرر کا باعث بنتی ہے..... 4
موجودہ قانون..... 5
اظہار رائے کی آزادی تحفظ یافتہ ہے لیکن معقول حدود کے ساتھ مشروط ہے 5
قانون کے ساتھ مسائل کی شناخت کی گئی ہے..... 6
ویتانگی کے معاہدے کے ملاحظات..... 6
تجاویز پر فیڈ بیک کے لیے سوالات..... 6
اگر آپ کو نفرت انگیز تقریر یا رویے کا سامنا ہو رہا ہے تو آپ کیا کر سکتے ہیں..... 7
مزید معلومات 8

وزارت انصاف)وزارت (نفرت اور امیتازی سلوک کی ترغیب سے تعلق رکھنے والے قانون کو – Te Tāhū o Te Ture تبدیل کرنے کے لیے چھ تجاویز پر آپ کا فیڈ بیک طلب کر رہی ہے۔

انسانی حقوق ایکٹ 1993 نسلی عدم یکجہتی کو ترغیب دینے والی)مشتعل کرنے والی (تقریر کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ یہ کسی فرد کی شناخت کی خصوصیت کی وجہ سے اس کے خلاف امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتا ہے۔

مارچ 2019 کو کرائسٹ چرچ کی مسجدوں پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کے معاملے میں وزارت کی جانب سے ایک جائزہ 15 اور رائل کمیشن آف انکوائری کی جانب سے سفارشات کے بعد، حکومت ان تحفظات کو مستحکم بنانے اور ان کی وضاحت کرنے کی تجویز پیش کر رہی ہے۔

حکومت امتیازی سلوک کے التزامات میں قانون میں دو وسیع تر تبدیلیوں کی بھی تجویز پیش کر رہی ہے۔

نیوزی لینڈ کو ہر Aotearoa نیوزی لینڈ ایک متنوع ملک ہے۔ حکومت سماجی پیوستگی کو مضبوط کرنا اور Aotearoa کسی کے لیے محفوظ بنانا چاہتی ہے۔ نفرت کو ترغیب دینے والی تقریر کے خلاف تحفظات، اور امتیازی سلوک کے خلاف تحفظات کو بہتر بنانے سے اس کی تائید ہوگی۔

نیوزی لینڈ میں ایک اہم قدر ہے۔ یہ امتیازی سلوک سے آزادی کے ساتھ ہی نیوزی لینڈ کے Aotearoa اظہار رائے کی آزادی بل آف رائٹس ایکٹ 1990 کا حصہ ہے۔ مجوزہ قانون کا مقصد ان حقوق کا بہتر ڈھنگ سے تحفظ کرنا، بشمول یہ یقینی بنانا ہے کہ نفرت انگیز تقریر کا سامنا کرنے والے لوگ آزادانہ طور پر اپنی بات کا اظہار کر سکتے ہیں۔ بل آف رائٹس ایکٹ حقوق پر قابل جواز تحدیدات کی اجازت دیتا ہے، جو دوسروں کے حقوق اور مفادات کو سامنے رکھ کر متوازن بنایا گیا ہو۔

حکومت نے اصولی طور پر تجاویز سے اتفاق کر لیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کے خیال سے تبدیلیوں کا آئیڈیا اچھا ہے لیکن اس بارے میں حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے کہ آیا اور کس طرح قانون کو تبدیل کیا جائے، وہ جاننا چاہتی ہے کہ آیا ان سے معاشرے کی توقعات پوری ہوتی ہیں۔ موصولہ فیڈ بیک کے لحاظ سے یہ تجاویز تبدیل ہو سکتی ہیں۔

:تجاویز ذیل میں مندرج ہیں۔ خلاصہ کے طور پر، ان کا مقصد ہے

- ان لوگوں کے گروپوں کو بڑھانا جو ترغیب کے التزامات کی رو سے تحفظ یافتہ ہیں
- یہ واضح تر کر دینا کہ قانون کس رویے کی اجازت نہیں دے گا اور قانون توڑنے کے عواقب کو بڑھانا
- وسیع تر امتیازی سلوک کے خلاف گروپوں کے تحفظات کو بہتر بنانا۔

آپ موجودہ قانون، تبدیلی کی تجاویز، اور ان کی وجوہات کے بارے میں مزید تفصیلی پس منظر پوری مباحثہ دستاویز میں تلاش کر سکتے ہیں :نفرت اور امتیازی سلوک کی ترغیب کے خلاف تجاویز www.justice.govt.nz/proposals-against-incitement-of-hatred-and-discrimination پر دستیاب ہیں۔

ہم آپ کی رائے جاننا چاہتے ہیں

حکومت کو یہ فیصلہ کرنے میں آپ کا فیڈ بیک (عرضداشت) چاہیے کہ آیا مجوزہ تبدیلیاں کی جائیں، یا ان کے کچھ حصوں کو تبدیل کیا جائے، یا مختلف لائحۂ عمل اختیار کیا جائے۔

عرضداشتیں 25 جون سے 6 اگست 2021 تک کھلی ہیں۔ آپ اپنی عرضداشت سٹیزن اسپیس کی ویب سائٹ https://consultations.justice.govt.nz کی معرفت، بذریعہ ای میل یا humanrights@justice.govt.nz پر کے پتے پر بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں۔ Human Rights, Ministry of Justice, SX10088, Wellington

عرضداشتوں کی کارروائی کے بارے میں مزید تفصیلات، بشمول رازداری اور ذاتی معلومات کے بارے میں معلومات کے لیے، براہ کرم ہماری ویب سائٹ پر مباحثہ دستاویز دیکھیں: www.justice.govt.nz/proposals-against-incitement-of-hatred-and-discrimination

براہ کرم رازداری اور ذاتی معلومات کے سلسلے میں تفصیلات کے لیے مباحثہ دستاویز صفحہ 6 پر دیکھیں۔ اپنا فیڈ بیک جمع کرانے سے پہلے آپ کو اسے پڑھ لینا چاہیے۔

چھ تجاویز

تجویز ایک: انسانی حقوق ایکٹ 1993 میں ترغیب کے التزامات میں درج زبان کو بدلیں تاکہ وہ نفرت انگیز تقریر کے ذریعے نشانہ بنائے جانے والے مزید گروپوں کا تحفظ کریں۔	موجودہ ترغیب کے التزامات صرف اس تقریر پر لاگو ہوتے ہیں جو گروپ کو اس کے رنگ، نسل، یا نسلی یا ملکی اصلیت کے سبب نشانہ بناتے ہیں۔ دوسرے گروپوں، بشمول گروپوں کے مذہب، صنف، جنسیت یا معذوری کی بنیاد پر بھی انہیں نشانہ بنایا جاتا ہے۔ اس تجویز سے قانون اس طرح تبدیل ہوگا کہ اگر وسیع پیمانے کی صفات کے سبب لوگوں کے گروپ کے خلاف نفرت کی ترغیب دی گئی تو یہ اس پر بھی لاگو ہو۔ اس میں انسانی حقوق ایکٹ کے سیکشن 21 میں مندرج امتیازی سلوک کے دیگر ممنوعہ اسباب میں سے کچھ یا سبھی شامل ہو سکتے ہیں (یہ سیکشن مباحثہ دستاویز کے ضمیمہ ایک میں سیٹ کیا گیا ہے)۔ ہم اس بارے میں آراء حاصل کر رہے ہیں کہ اس تبدیلی سے کن گروپوں کو تحفظ یافتہ ہونا چاہیے۔ مزید معلومات مباحثہ دستاویز میں صفحہ 17 پر دستیاب ہیں۔
تجویز دو: انسانی حقوق ایکٹ 1993 میں درج موجودہ فوجداری التزام کو کرائمز ایکٹ 1961 میں درج نئے فوجداری جرم سے تبدیل کریں جو واضح تر اور مزید مؤثر ہو۔	اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جو کوئی فرد کسی تحفظ یافتہ گروپ کے خلاف جان بوجھ کر نفرت کی ترغیب دیتا ہے، اس کا سبب بنتا ہے، اسے برقرار رکھتا ہے یا اسے عام گردانتا ہے وہ اگر دھمکی آمیز، بدسلوک، رسوا کن بن کر بشمول تشدد کی ترغیب دے کر ایسا کرتا ہے تو وہ قانون شکنی کرتا ہے۔ یہ اس بات سے قطع نظر لاگو ہوں گے کہ وہ کس طرح، بشمول زبانی طور پر یا تحریری شکل میں یا آن لائن دھمکی دیتے یا بدسلوکی کرتے ہیں۔ کن گروپوں کو تحفظ یافتہ ہونا چاہیے اس بارے میں مزید معلومات کے لیے، تجویز ایک دیکھیں۔ مزید معلومات مباحثہ دستاویز میں صفحہ 18 پر دستیاب ہیں۔
تجویز تین: فوجداری جرائم کی سنگینی کی بہتر عکاسی کرنے کے لیے اس کے لیے سزا کو بڑھائیں۔	موجودہ سزا تین ماہ تک کی سزائے قید یا $7,000 تک جرمانہ ہے۔ تجویز یہ ہے کہ سزا کو بڑھا کر تین سال تک کی سزائے قید یا $50,000 تک کر دیا جائے۔ مزید معلومات مباحثہ دستاویز میں صفحہ 19 پر دستیاب ہیں۔

تجویز چار :دیوانی ترغیب کے التزام کی زبان تبدیل کریں تاکہ فوجداری التزام میں جو تبدیلیاں ہو رہی ہیں ان سے وہ مماثل ہوں۔	اس میں دیوانی التزام)سیکشن 61 (میں درج موجودہ الفاظ کے ساتھ ہی نفرت کی ترغیب دینا/اس کا سبب بننا، اسے برقرار رکھنا یا عام گرداننا شامل ہوگا۔ جن دیگر طریقوں سے اس التزام کو بہتر بنایا جا سکتا ہے ان کے بارے میں فیڈ بیک کا بھی ہم خیر مقدم کرتے ہیں۔ مزید معلومات مباحثہ دستاویز میں صفحہ 21 پر دستیاب ہیں۔
تجویز پانچ :دیوانی التزام کو تبدیل کریں تاکہ 'امتیازی سلوک کی ترغیب دینا 'قانون کے خلاف بن جائے۔	قانون اس طرح تبدیل ہوگا کہ جو دیگر گروپ نفرت کی ترغیب کے التزام کے ذریعے محیط ہوں گے ان کے خلاف کسی فرد کو امتیازی سلوک کرنے کے ترغیب دینے یا دوسرے لوگوں کے لیے اس کا سبب بننے سے ممنوع قرار دیا جائے۔ اس سے اس قسم کے رویے بارے میں انسانی حقوق کمیشن کے نام شکایات میں سہولت ملے گی۔ مزید معلومات مباحثہ دستاویز میں صفحہ 22 پر دستیاب ہیں۔
تجویز چھ :انسانی حقوق ایکٹ میں امتیازی سلوک کے اسباب شامل کریں تاکہ اس امر کی وضاحت ہو جائے کہ مخنث، صنفی متنوع اور بین جنسہ افراد امتیازی سلوک سے تحفظ یافتہ ہوں۔	لوگوں کی جنس کی وجہ سے ان کے خلاف امتیازی سلوک کرنا قانون کے خلاف ہے۔ حکومت کا خیال ہے کہ اس میں صنفی شناخت یا اظہار، صنفی صفات یا بین جنسہ حالت کی بنیاد پر امتیازی سلوک شامل ہے۔ یہ تجویز اس بارے میں قانون کو واضح تر بنانے کی تجویز پیش کرتی ہے۔ مزید معلومات مباحثہ دستاویز میں صفحہ 23 پر دستیاب ہیں۔

ترغیب آمیز تقریر کیا ہے؟

نیوزی لینڈ کے قانون میں مستعمل نہیں ہے۔ اس کی صراحت عام Aotearoa نفرت انگیز تقریر 'ایک وسیع اصطلاح ہے جو' طور پر ایسی تقریر کے بطور کی جاتی ہے جو عمومی صفات، مثلاً، نسلیت، مذہب، یا صنف کی بنیاد پر کسی فرد یا گروپ کے خلاف حملہ آور ہوتی ہے۔

مذکورہ بالا چھ تجاویز کا تعلق خاص طور پر ایسی تقریر سے ہے جو کسی گروپ کے خلاف نفرت کی ترغیب دیتی ہے۔ نفرت کی ترغیب دینے والی تقریر ایسی بدسلوک یا دھمکی آمیز تقریر ہوتی ہے جو مشترکہ صفات کی بنیاد پر لوگوں کے ایک گروپ کے تئیں عداوت کا سبب بنتی ہے)بجائے اس کے کہ ایک فرد کو نشانہ بنایا جائے(۔ اسی وجہ سے ہم 'ترغیب آمیز تقریر'، 'نفرت کی ترغیب'، اور 'ترغیب کے التزامات 'کے بارے میں بات کرتے ہیں۔

ان تجاویز میں منافرت کے جرم کی دیگر شکلوں پر نگاہ نہیں ڈالی جاتی ہے۔ جو متعلقہ کام ان تجاویز کے ذریعے محیط نہیں ہے ان کے بارے میں مزید معلومات مباحثہ دستاویز میں صفحہ 25 پر مل سکتی ہیں۔

ترغیب آمیز تقریر ضرر کا باعث بنتی ہے

نفرت کی ترغیب دینے والی تقریر نمایاں ضرر کا باعث بنتی ہے۔ اس کا ایک منفی اثر ان کمیونٹیز پر پڑتا ہے جو اس کا نشانہ بنتی ہیں اور یہ تشدد کی سمت لے جا سکتی ہے۔ نفرت کی ترغیب دینا ناقص احساس کا سبب بن کر اور معاشرتی شمولیت کو نیوزی لینڈ میں ہماری تمام کمیونٹیز کے بیچ Aotearoa پس پشت رکھ کر ہمارے معاشرے کو نقصان پہنچاتا ہے۔ یہ پورے عدم اعتماد اور تقسیم کو پھیلا سکتا ہے۔

نفرت کی ترغیب کے خلاف تحفظات کو بہتر بنانا محفوظ تر کمیونٹیز کو فروغ دے گا اور ہمارے معاشرے کے اس نظریے کو تقویت پہنچائے گا کہ اس قسم کا رویہ مضر ہے۔

نفرت کی ترغیب دینا بین الاقوامی انسانی حقوق کے معاہدوں کے تحت ممنوع ہے، لہٰذا قانون کو تبدیل کرنے سے بین الاقوامی حقوق کی ہماری جوابدہی پورا کرنے میں ہمیں مدد ملے گی۔

موجودہ قانون

انسانی حقوق ایکٹ 1993 فوجداری التزام اور دیوانی التزام پر مشتمل ہے۔ دیوانی قانون کا نظام افراد، تنظیموں اور کچھ معاملوں میں مقامی یا مرکزی حکومت کے بیچ نجی تنازعات کا احاطہ کرتا ہے۔ فوجداری قانون کے نظام کا مقصد قانون شکنی کرنے والے لوگوں کو سزا دے کر مزید سنگین اور مضر برتاؤ کو شناخت کرنا اور اسے ممنوع قرار دینا ہے۔

فوجداری التزام)سیکشن 61 (کے تحت، ایسے تحریری مواد استعمال، شائع، براڈکاسٹ یا تقسیم کرنا، یا ایسے الفاظ استعمال کرنا قانون کے خلاف ہے جو:

1. دھمکی آمیز، بدسلوک یا رسوا کن بھی ہوں، اور
2. جن سے عداوت کو ترغیب ملنے یا کسی گروپ کے رنگ، نسل، یا نسلی یا ملکی اصلیت کی بنیاد پر اس کے خلاف توہین کا سبب بننے کا امکان ہو۔

کوئی فرد انسانی حقوق کمیشن کے پاس تب شکایت کر سکتا ہے جو اس کا یہ خیال ہو کہ کسی نے کوئی غیر قانونی کام کیا ہے۔

فوجداری التزام)سیکشن 131 (کے بقول تحریری مواد شائع، براڈکاسٹ یا تقسیم کر کے، یا ایسے الفاظ استعمال کر کے نسلی یکجہتی کی ترغیب دینا فوجداری جرم ہے جو درج ذیل میں سے کوئی بھی ہوں:

1. دھمکی آمیز، بدسلوک، یا رسوا کن
2. کسی گروپ کے رنگ، نسل، یا نسلی یا ملکی اصلیت کی بنیاد پر اس کے خلاف عداوت یا غلط خواہش کی ترغیب دینے کا امکان ہو، یا جو توہین یا تمسخر کا سبب بنے، اور
3. جو اس طرح کی عداوت، غلط خواہش، توہین یا تمسخر کے ارادے سے ہو۔

اس جرم کے لیے تین ماہ تک کی سزائے قید یا $7,000 تک کا جرمانہ ہے۔

اظہار رائے کی آزادی تحفظ یافتہ ہے لیکن معقول حدود کے ساتھ مشروط ہے

اظہار رائے کی آزادی ہمارے معاشرے کا سنگ بنیاد ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ لوگ جو بھی چاہیں وہ بول دینے کا انہیں حق ہے۔ بل آف رائٹس ایکٹ میں مذکورہ تمام حقوق اور آزادیوں کی طرح، اظہار رائے کی آزادی کے حق کو از روئے قانون ایسے انداز میں محدود کیا جا سکتا ہے جس کو ایک آزاد اور جمہوری معاشرے میں جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔

موجودہ ترغیب کے التزامات اظہار رائے کی آزادی پر قابل جواز حدود فراہم کرتے ہیں۔ وہ ایک متوازن طریقہ تشکیل دیتے ہیں جو سزا کی سنگینی کو سامنے رکھتے ہوئے نفرت انگیز تقریر کی سنگین پر غور کرتا ہے۔ ترغیب کے التزامات کا ہدف وہ تقریر ہے جو دوسروں کو یہ یقین دلاتا ہے کہ مختلف نسلی گروپوں پر مشتمل معاشرہ مؤثر طور پر فنکشن نہیں کر سکتا ہے۔ اس قسم کی تقریر لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف کر دینا اور کمیونٹیز کے بیچ علیحدگی پیدا کرنا چاہتی ہے۔

نیوزی لینڈ کی Aotearoa قانون اس طرح کے رجحانات کی ترغیب کو غیر قانونی قرار دیتا ہے کیونکہ وہ انسانی حقوق اور جمہوری اقدار کے ساتھ غیر آہنگ ہیں۔ یہ رجحانات اس آئیڈیا پر مبنی ہیں کہ مشترکہ صفات)جیسے نسلیت، مذہب یا جنسیت (کی وجہ سے لوگوں کے کچھ گروپوں میں دوسروں سے کم اقدار ہوتی ہیں۔ ایک اعتقاد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان گروپوں کو یکساں حقوق حاصل نہیں ہونے چاہئیں اور/یا ان کے ساتھ مختلف انداز کا برتاؤ ہونا اور انہیں وسیع تر معاشرے سے خارج کر دینا چاہیے۔

یہ نوٹ کر لینا ضروری ہے کہ یہ تجاویز تقریر کو مجرمانہ قرار دینے یا اہم مسائل پر عوامی مباحثہ کو روکنے کے لیے تمہید کو کمتر نہیں گردانتے ہیں۔

قانون میں تبدیلی کے مدنظر ان تجاویز کا مقصد یہ یقین بنانا ہے کہ ہر کسی کا حق تحفظ یافتہ ہے، اور ہر کوئی خوف کے بغیر اپنی ذات کا اظہار کر سکتا ہے۔

قانون کے ساتھ مسائل کی شناخت کی گئی ہے

وزارت ہذا نے 2019 میں قانون کا جائزہ لیا اور کچھ مسائل کی نشاندہی کی۔ 15 مارچ 2019 کو کرائسٹ چرچ کی مسجدوں پر ہوئے دہشت گردانہ حملے میں رائل کمیشن آف انکوائری نے بھی مسائل کی نشاندہی کی اور تبدیلی کے مدنظر سفارشات کیں۔

تین کلیدی نکات کی نشاندہی کی گئی تھی:

1. فوجداری التزام اور دیوانی التزامات دونوں کے ہی الفاظ غیر واضح ہیں۔ رائل کمیشن نے فوجداری التزام کے لیے الفاظ سے اجتناب برتنے کی سفارش کی۔
2. مزید گروپ ایسی بولی سے متاثر ہوتے ہیں جو نفرت کی ترغیب دیتی ہے بہ نسبت ان کے جو فی الحال تحفظ یافتہ ہیں۔ یہ التزامات صرف نسل، قومیت، نسلیت اور رنگ کا احاطہ کرتے ہیں۔ انسانی حقوق ایکٹ کے سیکشن 21 میں تیرہ امتیازی سلوک کے ممنوعہ اسباب 'میں سے یہ صرف چار ہیں۔'
3. فوجداری جرم کے لیے جرمانہ ارادتاً نفرت کی ترغیب دینے کی سنگینی کے مقابلے میں نسبتاً کم ہے۔

ہم موجودہ قانون میں ان مسائل کا ازالہ کرنے کے لیے چھ تجاویز پر آپ کی آراء طلب کر رہے ہیں۔

ویتانگی کے معاہدے کے ملاحظات

ویتانگی کے معاہدے کا ربط انسانی حقوق ایکٹ میں مذکور امتیازی سلوک کے خلاف ترغیب کے - Te Tiriti o Waitangi کو نفرت انگیز تقریر کا سامنا ہو سکتا ہے اور وہ فی الحال 'نسل' یا Māori التزامات اور تحفظات اور اصولی تجاویز سے ہے۔ نسلی نژاد 'کے اسباب کے تحت ترغیب کے التزامات کے ذریعے محیط ہیں۔ یہ تجاویز نفرت کی ترغیب دینے والی تقریر سے امتیازی سلوک کے Māori سمیت، گروپوں کا بہتر تحفظ کرنے کی خواہاں ہیں۔ تحفظات کو مستحکم بنایا جائے گا جہاں Māori جن کی شناخت (Māori کے سلسلے میں takatāpui ،دیگر ممنوعہ اسباب میں سے کسی ایک کے ذریعہ محیط ہوں گے، مثلاً متنوع اصناف اور جنسیات سے ہوتی ہے(۔

تجاویز پر فیڈ بیک کے لیے سوالات

مباحثہ دستاویز تمام تجاویز کے بارے میں عمومی سوالات نیز ہر تجویز کے بارے میں مخصوص سوالات پر مشتمل ہے۔ یہ سوالات ذیل میں مندرج ہیں۔

تین سوالات جو تمام تجاویز پر آپ کی عرضداشت کے لیے اشاروں کے بطور استعمال ہو سکتے ہیں یوں ہیں:

- کیا آپ کو تجویز سے پیدا ہونے والا کوئی خطرہ یا غیر ارادی عواقب نظر آتے ہیں اور، اگر ہاں تو، وہ کیا ہیں؟
- کیا کوئی ایسا طریقہ ہے کہ ان تجاویز کو بہتر بنایا جا سکتا ہے؟
- کیا یہ تجاویز ویتانگی کے معاہدے میں جو مسائل مذکور ہیں ان کے علاوہ مزید کسی مسئلے کو پیش کرتی ہیں؟

تجویز ایک کے بارے میں سوالات:

- کیا آپ اس امر سے متفق ہیں کہ اس طریقے سے ترغیب کے التزامات کی توسیع کرنے سے ان گروپوں کا بہتر تحفظ ہوگا؟
  - کیوں یا کیوں نہیں؟
- آپ کی رائے میں، اس تبدیلی سے کن گروپوں کو تحفظ یافتہ ہونا چاہیے؟

- کیا آپ کے خیال سے کوئی ایسا گروپ ہے جس کو نفرت انگیز تقریر کا سامنا ہوتا ہے اور جو اس تبدیلی سے تحفظ یافتہ نہیں ہوگا؟

تجویز دو کے بارے میں سوالات:

- کیا آپ اس امر سے متفق ہیں کہ اس طریقے سے فوجداری التزامات کے الفاظ کو تبدیل کرنے سے اسے سمجھنا واضح تر اور آسان تر ہو جائے گا؟
  - کیوں یا کیوں نہیں؟
- کیا آپ کے خیال سے یہ تجاویز ان رویوں کی اقسام کی گرفت کرتی ہیں جو نئے جرم کے تحت غیر قانونی ہونا چاہیے؟

تجویز تین کے بارے میں سوالات:

- کیا آپ کے خیال سے یہ جرمانہ جرم کی سنگینی کی صحیح سے عکاسی کرتا ہے؟
  - کیوں یا کیوں نہیں؟
- اگر آپ اختلاف کرتے ہیں تو، ایک مناسب موازنہ کے بطور کن جرائم کا استعمال ہونا چاہیے؟

تجویز چار کے بارے میں سوالات:

- کیا آپ سیکشن 61 میں درج اس زبان)دیوانی التزام (کے الفاظ کو تبدیل کرنے کی تائید کرتے ہیں؟
  - کیوں یا کیوں نہیں؟
- کیا آپ کے خیال سے دیوانی التزام کے موجودہ الفاظ کے کسی دیگر حصے کو تبدیل ہونا چاہیے؟

تجویز پانچ کے بارے میں سوالات:

- کیا آپ سیکشن 61 میں امتیازی سلوک کرنے کی ترغیب کی ممانعت کو شامل کرنے کی تائید کرتے ہیں؟
  - کیوں یا کیوں نہیں؟

تجویز چھ کے بارے میں سوالات:

- کیا آپ کو لگتا ہے کہ یہ اصطلاح مناسب ہے؟
- کیا آپ کے خیال سے یہ تجویز ان گروپوں کا معقول حد تک احاطہ کرتی ہے جنہیں انسانی حقوق ایکٹ کے تحت امتیازی سلوک سے تحفظ یافتہ ہونا چاہیے؟
- کیا آپ کو لگتا ہے کہ یہ تجویز ثقافتی لحاظ سے مخصوص صنفی شناختوں، بشمول takatāpui کا صحیح سے تحفظ کرتی ہے؟

اگر آپ کو نفرت انگیز تقریر یا رویے کا سامنا ہو رہا ہے تو آپ کیا کر سکتے ہیں

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی حفاظت خطرے میں ہے تو، براہ کرم پولیس سے رابطہ کریں۔ اگر ایمرجنسی ہو تو، 111 پر کال کریں۔ اگر آپ سر دست خطرے میں نہیں ہیں تو 105 پر کال کریں۔

انسانی حقوق کمیشن کس طرح مدد کر سکتا ہے اس بارے میں معلومات کے لیے، دیکھیں: https://www.hrc.co.nz/enquiries-and-complaints/how-make-complaint/

نسلی ہراسانی کے بارے میں معلومات کے لیے: https://www.hrc.co.nz/enquiries-and-complaints/faqs/racially-offensive-comments/)۔

آن لائن پیش آنے والی بدسلوکی کے لیے: https://www.netsafe.org.nz/

ابھی آپ کو جیسا محسوس ہو رہا ہے اس بارے میں اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہیں تو، براہ کرم کال کریں یا 1737 پر ٹیکسٹ کریں۔

مزید معلومات

آپ پوری مباحثہ دستاویز اس پر پڑھ سکتے ہیں:
www.justice.govt.nz/proposals-against-incitement-of-hatred-and-discrimination

مزید معلومات Te Tāhū o Te Ture – پر وزارت انصاف کی اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:
www.justice.govt.nz/proposals-against-incitement-of-hatred-and-discrimination

MINISTRY OF JUSTICE
Tāhū o te Ture

New Zealand Government